# نیشنل انڈر19 تھری ڈے ٹورنامنٹ: سدرن پنجاب اور سندھ کے مابین میچ ڈرا

لاہور،15نومبر 2020 :

مرید کے کنٹری کلب میں سندھ اور سدرن پنجاب کی انڈر19 ٹیموں کے مابین کھیلا گیا تین روزہ میچ ڈرا ہوگیا۔ بارش اور خراب روشنی کے باعث میچ کے آخری روز کھیل کا آغاز ہی نہ ہوسکا۔ میچ میں دفاعی چیمپئن سندھ کے کپتان صائم ایوب نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا تھاتو سدرن پنجاب کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں 183 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی تھی۔ جواب میں سندھ نے اپنی پہلی اننگز میں 207 رنز بنائے تھے۔ سدرن پنجاب نے میچ کے دوسرے روز کھیل کے اختتام پر اپنی دوسری اننگز میں ایک وکٹ کے نقصان پر 67 رنز بنائے تھے کہ میچ روک دیا گیا جو بعد ازاں شروع ہی نہ ہوسکا۔ سدرن پنجاب کے طاہر حسین اور سندھ کے طلحہٰ احسن نے میچ کی پہلی پہلی اننگز میں 5 وکٹیں حاصل کیں۔

دوسری جانب جڑواں شہروں میں جاری دونوں میچوں میں آج شیڈول دوسرے روز کا کھیل روک دیا گیا۔ ایوب پارک گراؤنڈ راولپنڈی اور شالیمار گراؤنڈ اسلام آباد میں جاری دونوں میچز کے دوسرے روز کھیل کا آغاز ہی نہیں کیا گیا۔

اس سے قبل ایوب پارک گراؤنڈ راولپنڈی میں ناردرن اور بلوچستان کے مابین جاری میچ کے پہلے روز صرف 21 اوورز کا کھیل ہی ہوسکا تھا ۔ ناردرن نے بلوچستان کی دعوت پر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 3 وکٹوں کے نقصان پر 100 رنز بنائے تھے کہ میچ خراب روشنی کے باعث روک دیا گیا جو بعد ازاں شروع ہی نہیں کیا جاسکا۔

ادھر شالیمار گراؤنڈ اسلام میں سنٹرل پنجاب اور خیبر پختونخوا کے درمیان جاری میچ کے پہلے روز 51 اوورز کا کھیل ہوا تھا، جہاں

سنٹرل پنجاب نے 5 وکٹوں کے نقصان پر 160 رنزبنائے۔ پانچوں کھلاڑیوں کو کے پی کے اسپنر ذیشان احمد نے آؤٹ کیا تھا۔ پہلے روز سنٹرل پنجاب کے اوپنر شاویز عرفان 66 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے تھے۔

– ENDS –


Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk


**About the National U19 Three-Day Tournament**

- *The National Three-Day Cricket Tournament 2020-21 for the teenagers will be played from 5 November and the final, a four-day affair to be played at the Gaddafi Stadium, will begin on 27 November. Detailed schedule is here*
- *PKR2.5million are up for grabs in the tournament as the winning team will bag PKR1.5million and the best performers will receive PKR50,000 each*
- *Sindh will be defending the title they won after defeating Northern by seven wickets in Sheikhupura*
- *To ensure health and safety of the players and all those involved, the tournament is played under strict Covid-19 protocols*
- *The tournament serves as a platform for the up and coming cricketers to impress the selectors and stake a claim in Pakistan U19 side. The six Cricket Association U19 squads are available here*

**HELP PREVENT CORONAVIRUS**

**National Team Partners**

**Domestic Partners**

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4